This question paper consists of 27 questions [ Section–A (17) + Section–B (5+5) ] and 11 printed pages.

اس سوالنامے میں کل 27 سوالات [ حصہ (الف) میں (17) + حصہ (ب) میں (5+5) ] اور 11 چھپے اوراق ہیں۔

Roll No. | | | | | | | | | | | | | **Code No. 53/SS/O/U**

**Set** **A**

# URDU

# (اردو)

**(306)**

Day and Date of Examination ..........................................................

Signature of Invigilators 1. ..........................................................

2. ..........................................................

***General Instructions :***

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the question paper.
2. Please check the question paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the answer-book or writing roll number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper Code No. 53/SS/O/U, Set **A** on the answer-book.

**ہدایات :**

1- طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

2- مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3- طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

4- اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر 53/SS/O/U, Set **A** لکھئے۔

# URDU

## (اردو)

**(306)**

Maximum Marks : 100 | Time : 3 Hours

کل مارکس : 100 | وقت : 3 گھنٹے

*Note* : (i) This Question Paper consists of *two* Sections, viz., 'A' and 'B'.

(ii) *All* questions from Section—A are to be attempted.

(iii) Section—B has two options. Candidates are required to attempt questions from *one option* only.

نوٹ : (i) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے — حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔

(ii) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصہ (ب) میں دو اختیاری ( Option ) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

### SECTION—A

### حصہ (الف)

**1**۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 6

پوس کی اندھیری رات آسمان پر تارے بھی ٹھٹھرے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ ہلکو اپنے کھیت کے کنارے روکھ کی پتیوں کی ایک چھتری کے نیچے بانس کے کھٹوے پر اپنی پرانی گاڑھے کی چادر اوڑھے ہوئے کانپ رہا تھا۔ کھٹوے کے نیچے اس کا ساتھی کتّا جبرا پیٹ میں منہ ڈالے سردی سے کوں کوں کر رہا تھا۔ دونوں میں سے ایک کو بھی نیند نہ آتی تھی۔

ہلکو نے گھٹنوں کو گردن میں چمٹاتے ہوئے کہا : '' کیوں جبرا جاڑا لگتا ہے۔ کہا تو تھا کہ گھر میں پیال پر لیٹ رہ۔ تو یہاں کیا لینے آیا تھا؟ اب کھا سردی۔ میں کیا کروں؟ جیسے کہ میں حلوا پوری کھانے جا رہا ہوں۔ دوڑتے دوڑتے آگے چلے آئے۔ اب روؤ اپنی نانی کے نام کو۔'' جبرا نے بڑی بڑی دُم ہلائی اور ایک جمائی لے کر چُپ ہوگیا۔ شاید وہ سمجھ گیا تھا کہ اس کی کوں کوں کی آواز سے اس کے مالک کو نیند نہیں آ رہی ہے۔

سوالات

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ب) رات کیسی تھی؟

(ج) ہلکو کا ساتھی کون تھا؟ اس کی کیا حالت تھی؟

(د) '' میں حلوا پوری کھانے جا رہا ہوں۔'' یہ کس کے الفاظ ہیں؟

**[ یا ]**

اے آسمان پر بھورے بادلوں میں بجلی کی طرح چمکنے والی دھنک! اے آسمان کے تاروں تمہاری خوشنما چمک! اے بلند پہاڑوں کی آسمان سے باتیں کرنے والی دھندلی چوٹیو! اے پہاڑ کے عالیشان درختو! اے اونچے اونچے ٹیلوں کے دلکش بیل بوٹو! تم بہ نسبت ہمارے پاس کے درختوں اور سرسبز کھیتوں اور لہراتی ہوئی نہروں

کے زیادہ خوشنما معلوم ہوتے ہو۔ اس لئے کہ ہم سے بہت دور ہو ، اس دوری ہی سے تمہارا نیلا رنگ ہماری آنکھ کو بھایا ہے۔ تو ہماری زندگی میں بھی جو چیز بہت دور ہے وہی ہم کو زیادہ خوش کرنے والی ہے۔

سوالات

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ب) آسمان پر بھورے بادلوں میں بجلی کی طرح چمکنے والی کیا چیز ہے؟

(ج) ہمارے پاس کے درختوں اور سرسبز کھیتوں اور لہراتی ہوئی نہروں سے زیادہ کونسی چیزیں خوشنما لگتی ہیں؟

(د) ہمیں زیادہ خوش کرنے والی کونسی چیز ہے جو زندگی کو خوش کرتی ہے؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی مکمل تعریف لکھئے : 4

(الف) ناول

(ب) خاکہ

(ج) افسانہ

(د) ڈرامہ

3۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجئے : 5

(الف) غیر افسانوی ادب میں سے کوئی ایک موضوع کا نام لکھئے۔

(ب) داستان ' طوطا کہانی ' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

(ج) سبق ' برج بانو ' کے مصنف کون ہیں؟

(د) سبق ' چوتھی کا جوڑا ' کیا ہے ؟ ناول ، افسانہ یا خاکہ؟

(ہ) پریم چند کے افسانوں کی کوئی ایک خوبی لکھئے۔

4. انسانوی اور غیر انسانوی ادب کے ارتقاء پر اظہارِ خیال کیجئے۔ 5

5. بھولا ، برج بانو ، چچا چھکن یا ملکو میں سے کسی ایک کردار کا جائزہ لیجئے۔ 5

6. ڈرامہ ' دروازے کھول دو ' کے دو کرداروں کے نام لکھئے۔ کسی ایک کردار کو تفصیل سے لکھئے۔ 4

7. درج ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی تحریر کرتے ہوئے ان کے اسلوبِ بیان پر روشنی ڈالئے : 4

(الف) سرسید احمد خاں

(ب) کرشن چندر

(ج) پریم چند

(د) اسداللہ خاں غالب

(ہ) راجندر سنگھ بیدی

8. درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کیجئے : 5

(الف) چوتھی کا جوڑا

(ب) برج بانو

(ج) امید کی خوشی

(د) بھولا

(ہ) پوس کی رات

9۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر دو صفحات کا مضمون لکھیے : 10

(الف) پسندیدہ شخصیت

(ب) مثالی استاد

(ج) الیکٹرانک میڈیا کے مثبت اور منفی اثرات

(د) کوئی تہوار یا کوئی میچ

(ہ) بڑھتی ہوئی آبادی

10۔ درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کی تشریح بحوالہ شاعر کیجیے : 6

**(الف)**

صرف دو اشعار کی تشریح کیجیے :

یہ موجودہ طریقے راہی ملک عدم ہوں گے
نئی تہذیب ہوگی اور نئے ساماں بہم ہوں گے

نئے عنوان سے زینت دکھائیں گے حسین اپنی
نہ ایسا پیچ زلفوں میں نہ گیسو میں یہ خم ہوں گے

نہ خاتونوں میں رہ جائے گی پردے کی یہ پابندی
نہ گھونگھٹ اس طرح سے حاجبِ روئے صنم ہوں گے

**(ب)**

صرف دو اشعار کی تشریح کیجیے :

محبت کے چشمے اُبلتے رہیں
جواں سال نغموں میں ڈھلتے رہیں

رہے دھوم ٹیگور ، اقبال کی
رہے شان پنجاب و بنگال کی

رہے نام اپنے ادب کا بلند
دلوں میں سمایا رہے پریم چند

سدا زندگانی غزل خواں رہے
زمانے میں غالب کا دیواں رہے

11۔ نظم ' پرچھائیاں ' کس نے لکھی ہے؟ اس کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ 6

یا

نظم ' نئی تہذیب ' کس شاعر کی ہے؟ اس کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

12۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی تحریر کرتے ہوئے اس کے کلام پر روشنی ڈالئے : 4

(الف) آتش

(ب) اکبر الہٰ آبادی

(ج) سودا

(د) میر تقی میر

(ہ) ساحر لدھیانوی

13۔ دو مشہور مثنویوں کے نام لکھئے۔ مثنوی کی تعریف بھی لکھئے۔ 4

یا

مرثیہ کی تعریف اور اس کے اجزائے ترکیبی تحریر کیجئے۔

14۔ غزل کی تعریف لکھئے اور دو غزلگو شعرا کے نام لکھئے۔ 4

15۔ نظم ' خاکِ وطن ' کے شاعر کا نام لکھئے اور نظم میں بیان کی گئی دیہاتی زندگی کا نقشہ تحریر کیجئے۔ 4

یا

نظم ' چاند تاروں کا بن ' کے شاعر کا نام لکھئے۔ اس نظم کی خوبیاں لکھئے۔

16۔ صنعتِ تضاد کی تعریف لکھئے۔ مثال کے لئے اشعار بھی لکھئے۔ 5

یا

تشبیہ اور استعارے کی تعریف بیان کیجئے۔ دونوں کے فرق کو واضح کیجئے۔ مثال کے طور پر شعر بھی لکھئے۔

17۔ حسنِ تعلیل کسے کہتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھایئے۔ 4

یا

صنعتِ مراعات النظیر اور صنعتِ تضاد میں کیا فرق ہے؟

## SECTION—B

## حصہ ( ب )

### OPTION—I

### اختیاری — I

**( دفتری اردو اور پرنٹ میڈیا )**

18۔ آپ کی کالونی میں گندگی کے ڈھیر پڑے ہیں۔ ہیلتھ آفیسر کو ایک شکایتی درخواست لکھئے۔ 4

19۔ اپنے گھر کے آس پاس کی کسی تقریب کے بارے میں ایک رپورٹ تیار کیجئے۔ 5

یا

کسی اخبار میں اداریہ کی اہمیت بیان کیجئے۔

20۔ سرخی کی کیا اہمیت ہے؟ 2

21۔ روزمرہ کی زندگی میں کمپیوٹر کے استعمال اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔ 3

22۔ سرخیاں آسان زبان میں کیوں لکھی جاتی ہیں؟ 1

OPTION—II

اختیاری—II

## ( پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا میں اردو کا استعمال )

18۔ انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں؟ 3

19۔ اخباروں میں اشتہار (ایڈ) دینے کے کیا فائدے ہیں؟ 3

20۔ دفتری نوٹ سے کیا مراد ہے؟ 2

21۔ ایک اچھے فیچر میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟ 3

22۔ الیکٹرانک میڈیا کی کیا اہمیت ہے؟ آج کل الیکٹرانک میڈیا کی کون سی قسم زیادہ مقبول ہے؟ 4

***